کسی کام کے ہونے کی منت مانی تو ایڈوانس میں منت پوری کی جا سکتی ہے یا نہیں؟

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1033

تاریخ اجراء: 06 محرم الحرام 1445ھ / 25 جولائی 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

یوں منت مانی کہ اگر بہن کی شادی ہو جائے تو 100 لوگوں کو بریانی کھلاؤں گا، تو کیا بہن کی شادی ہونے سے پہلے ایڈوانس میں کھلا سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

100 لوگوں کو بریانی کھلانے کی جو منت مانی تھی اگر اس سے مراد فقراء و مساکین کو کھلانے کی نیت تھی تو یہ شرعی منت ہوئی۔ بہن کی شادی ہو جانے کی صورت میں اس کو پورا کرنا لازم ہو گا، شادی سے پہلے کھلانے کا اعتبار نہ ہو گا، نیز اس صورت میں بریانی کھلانا لازم نہیں بلکہ کچھ اور بھی کھلایا جا سکتا ہے۔

اور اگر مطلقاً امیر و غریب ہر قسم کے لوگوں کو کھلانے کی نیت تھی فقراء و مساکین کو خاص طور پر کھلانے کی نیت نہیں تھی تو یہ شرعی منت ہی نہ ہوئی۔ البتہ اسے بھی پورا کرنا بہتر ہے۔

بہارِ شریعت میں ہے: ”بغیر شرط پائی جانے کے ادا کیا تو منّت پوری نہ ہوئی شرط پائی جانے پر پھر کرنا پڑے گا مثلاً کہا اگر بیمار اچھا ہو جائے تو دس روپے خیرات کروں گا اور اچھا ہونے سے پہلے ہی خیرات کر دیے تو منّت پوری نہ ہوئی اچھے ہونے کے بعد پھر کرنا پڑے گا۔“ (بہارِ شریعت، جلد2، صفحہ316، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

امام اہلسنت شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ سے سوال ہوا: ”زید نے یہ نذر مانی کہ اگر میرا کام ہو جائے گا تو میں اپنے احباب کو کھانا کھلاؤں گا، تو کیا اس طرح کی منت ماننا اور اس کا ادا کرنا زید پر واجب ہو گا یا نہیں؟ بینوا توجروا؟“

آپ رحمۃ اللہ علیہ اس کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: ”یہ کوئی نذر شرعی نہیں، وجوب نہ ہو گا، اور بجالانا بہتر، ہاں

اگر احباب سے مراد خاص معین بعض فقراء و مساکین ہوں تو وجوب ہو جائے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔" (فتاوی رضویہ، جلد13، صفحہ584، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "اگر میرا یہ کام ہو جائے تو دس روپے کی روٹی خیرات کروں گا، تو روٹیوں کا خیرات کرنا لازم نہیں یعنی کوئی دوسری چیز غلہ وغیرہ دس روپے کا خیرات کر سکتا ہے۔" (بہارِ شریعت، جلد2، صفحہ316، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net